Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ 25 ستمبر 2024ء ، 20 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 173

پاک فوج دشمن کے تمام عزائم کو ناکام بنا دیگی، آرمی چیف

آرمی چیف کا دورہ وانا، قبائلی عمائدین کا دہشت گردی کے خلاف کردار قابل تعریف قرار، سکیورٹی کی موجودہ صورتحال، جاری انسداد دہشت گردی آپریشنز اور ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

پاک فوج خیبر پختونخوا پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو تکنیکی مدد اور مکمل تعاون فراہم کرتی رہے گی، عزم کا اظہار

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 16ویں اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے جنوبی وزیرستان کے علاقے وانا کا دورہ کیا، انہیں سکیورٹی کی موجودہ صورتحال، جاری انسداد دہشت گردی آپریشنز اور ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جنرل عاصم منیر نے افسران اور جوانوں سے ملاقات کے دوران ان کی تیاریوں اور بلند حوصلے کی تعریف کی تاکہ (بقیہ نمبر 1)

سرکاری اسکولز کی نجکاری کیخلاف احتجاج پر اساتذہ معطل

پنجاب ٹیچرز یونین، پنجاب ایجوکیٹرز ایسوسی ایشن کے صدور، جنرل سیکرٹریز کو شوکاز نوٹس

اساتذہ نے احتجاجا منگل کو اسکولز کی تالا بندی کردی، قاضی عمران، ملک امجد

راولپنڈی (اے ایف پی) سرکاری اسکولز کی نجکاری خلاف احتجاج کرنا اساتذہ کو مہنگا پڑ گیا۔ محکمہ تعلیم نے ایکشن لیتے ہوئے پنجاب ٹیچرز یونین، ایجوکیٹرز ایسوسی ایشن کے صدور اور سیکرٹریز معطل کردیا اور پنجاب ٹیچرز یونین، پنجاب ایجوکیٹرز ایسوسی ایشن کے صدور، جنرل

ایف بی آر کا نان فائلرز کیخلاف سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ

موبائل سموں، بجلی اور گیس کے کنکشن منقطع کرنے کی حکمت عملی بھی تیار کرلی گئی، ذرائع

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیم آتو بریہ سے نان فائلرز کیخلاف سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایف بی آر کی جانب سے لاکھوں نان فائلرز کو حتمی نوٹس (بقیہ نمبر 4)

ای چالان نادہندہ گاڑیوں کیخلاف سخت ایکشن کا فیصلہ

پہلے مرحلہ میں 100 سے زائد ای چالان والی گاڑیوں کے مالکان کو نوٹسز جاری کئے جائیں گے

لاہور (این این آئی) ٹی ٹریفک پولیس لاہور نے ای چالان نادہندہ گاڑیوں کے خلاف سخت ایکشن کا فیصلہ کرلیا، پہلے مرحلہ میں 100 سے زائد ای چالان والی گاڑیوں کے مالکان کو نوٹسز جاری کئے جائیں گے۔ سی (بقیہ نمبر 3)

وائس چانسلر تقرری، گورنر اور وزیراعلیٰ میں اختلافات

13 میں سے 7 وی سی کی تقرری گورنر پنجاب نے وی سیز کی تقرری کی سفارشات مسترد کرکے واپس بھیج دیں

لاہور (این این آئی) پنجاب کی 13 پبلک سٹیٹ یونیورسٹیز میں وائس چانسلر کی تقرری کے معاملے پر گورنر سردار سلیم حیدر اور وزیراعلیٰ مریم نواز کے درمیان اختلافات مزید بڑھ گئے۔ گورنر ہاؤس نے ذرائع کے مطابق گورنر پنجاب (بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت کابینہ اجلاس

اہم فیصلے

7354 کانسٹیبلز انسٹرکٹرز کی بھرتی کی منظوری، وزیراعلیٰ مریم نواز نے ورکنگ ویمن ہاسٹلز کے چارجز بڑھانے سے روک دیا، پنجاب بھر میں ہاؤسنگ کی جامع پالیسی طلب کرلی

صوبائی کابینہ کا رحیم یار خان اور کچہ کے علاقے میں ڈیوٹی کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج تحسین، خصوصی الاؤنس کی منظوری

حالیہ سیلاب سے جانی نقصان سے بچاؤ پر منسٹر ایکیلیکشن کاظم پیرزادہ اور محکمہ انہار کو شاباش، اڈمونٹ فنڈ فار رائٹ ویلفیئر کیلئے 50 کروڑ کے اجراء کی منظوری

بصارت سے محروم خصوصی افراد کے لئے ماہانہ پینشن پلان طلب، بورڈ آف ریونیو کو پانچ سالہ جامع ہاؤسنگ پالیسی کابینہ کو پیش کرنے کا حکم

لاہور (ثمائمہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 16واں اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب بھر میں 7354 کانسٹیبلز انسٹرکٹرز کی بھرتی کی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں ہاؤسنگ کی جامع پالیسی طلب کرلی۔ کابینہ نے رحیم یار خان اور کچہ کے علاقے میں ڈیوٹی کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ کابینہ نے کچے کے علاقے میں ڈیوٹی کرنے والے پولیس اہلکاروں کو پانچ سالہ جامع ہاؤسنگ پالیسی کابینہ کو پیش کرنے کا حکم طلب کرلی۔ کابینہ نے ورکنگ ویمن ہاسٹلز کے چارجز بڑھانے سے روک دیا، پنجاب بھر میں ہاؤسنگ کی جامع پالیسی طلب کرلی (بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے قیام پر پیشرفت بارے خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام، قانونی کارروائی جلد مکمل کرنیکا حکم

مصنوعی مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کے خاتمے کیلئے مجاز اتھارٹی کا قیام ناگزیر ہے، ہر سیکٹر میں سٹرکچرل ریفارمز متعارف کرا رہے ہیں

پنجاب کے عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے کا عزم غیر متزلزل ہے، گلیوں اور بازاروں میں تجاوزات کی اجازت نہیں دی جاسکتی

صوبائی، ڈویژنل، ڈسٹرکٹ اور تحصیل کی سطح پر پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹیز قائم ہوں گی، ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ انفورسمنٹ ریگولیٹری بورڈ بنے گا۔ بریفنگ

تحصیل کی سطح پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر قانون کے نفاذ کو یقینی بنائے گا، ہیرسگ آفیسر تحصیل کی سطح پر اپیل سن کر فیصلہ دے گا

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس، پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے قیام پر پیشرفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ

سیکرٹری پرویز رشید، سینئر منسٹر مریم اورنگزیب، چیف سیکرٹری، چیئرمین پی ایند ڈی، آئی جی، سیکرٹری داخلہ سی سی پی او اور دیگر حکام بھی موجود تھے

لاہور (ثمائمہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے قیام کے لئے قانونی کارروائی جلد از جلد مکمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے قیام پر پیشرفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم (بقیہ نمبر 6)

پیپلز پارٹی کے رہنما کو گولیاں مار کر قتل کردیا گیا

واقعہ سوشل برادری کے دو گروپس کے جھگڑے کے باعث پیش آیا، پولیس حکام

حیدرآباد (این این آئی) حیدرآباد کے علاقے حسین آباد میں فائرنگ کرکے پیپلز پارٹی کے مقامی رہنما اسے ڈی سوشل کو قتل کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق حیدرآباد کے علاقے حسین آباد میں فائرنگ کے واقعے میں پیپلز پارٹی رہنما اسے ڈی سوشل جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس نے نامعلوم افراد کی شناخت غلام مصطفیٰ کے نام سے (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 16ویں اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لیڈی کانسٹیبل دن دیہاڑے دو سگے بھائیوں کے ہاتھوں قتل، ملزم موقع سے فرار

لیڈی کانسٹیبل شمن موٹر سائیکل سوار نوجوان کے ساتھ آئی، ملزم نے جھگڑے کے بعد گولیاں مار دیں

نوجوان نے موقع پر چیخ ہونے والے لوگوں کو منتشر کرنے کیلئے ہوائی فائرنگ بھی کی، آئی جی پنجاب کا نوٹس

لاہور (این این آئی) بہرشس کپرہ کے علاقے میں لیڈی کانسٹیبل کو قتل کردیا گیا، نوجوان نے لیڈی کانسٹیبل کو چار گولیاں ماریں اور موقع سے فرار ہوگیا، آئی جی پنجاب نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کرلی۔ بتایا گیا ہے کہ لیڈی کانسٹیبل شمن موٹر سائیکل سوار نوجوان کے ساتھ آئی اور دونوں کے درمیان جھگڑا ہوا۔ نوجوان نے پارک کے قریب لیڈی کانسٹیبل پر تشدد کیا موقع (بقیہ نمبر 7)

سوئی سدرن گیس کمپنی بھی مالیاتی خسارے کا شکار

ایس ایس جی سی نے مختلف اداروں سے 588 ارب روپے وصول کرنے ہیں

کراچی (این این آئی) سوئی سدرن گیس کمپنی بھی مالیاتی خسارے کا شکار ہوگئی، اس کا موجودہ خسارہ 462 ارب سے زائد ہوگیا۔ ایس ایس جی سی مختلف اداروں کی (بقیہ نمبر 8)

جنرل ہسپتال لاہور میں ڈاکٹر حسن سلمان ملک کی قیادت میں کامیاب اینڈ سکوپی پروسیجر کے بعد ڈیڑھ سالہ گمی مومنہ فیصل کے معدے سے نکالا گیا میٹر کلپ

ڈاکٹرز نے بغیر آپریشن ڈیڑھ سالہ بچی کے معدے سے میٹر کلپ نکال لیا

بروقت اینڈوسکوپی سے ننھی مومنہ فیصل کی جان بچالی گئی، والدین احتیاط برتیں

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال کے ڈاکٹروں نے بغیر آپریشن ڈیڑھ سالہ بچی کی کامیاب اینڈوسکوپی کرتے ہوئے معدے سے میٹر کلپ نکال لیا، ڈاکٹر حسن سلمان (بقیہ نمبر 7)

سالانہ فقید المثال محفل میلاد مصطفیٰ کا انعقاد

محفل میں شہر بھر کے علماء کرام، مشائخ، خوان شیریں لساں سمیت عاشقان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی کثیر تعداد میں شرکت

میلاد و مناشا مرکت نہیں بلکہ ہم سیلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم منا کر شرک کو رد کرتے ہیں، حضرت علامہ مولانا پیر شاہ حسین مخدوم

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کیمطابق سالانہ فقید المثال محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی کثیر تعداد میں شرکت کی محفل مرکزی عید گاہ محلہ ، قمر ایا لجھڈہ زیر صدارت صاحبزادہ سید محمد غیاث الحسن شاہ سیالوی خوازی کی صاحبزادہ سید محمد غیاث الحسن شاہ سیالوی خوازی کی زیر صدارت منعقد ہوئی محفل میں شہر بھر کے علماء کرام شاہ خوان شیریں لساں سمیت عاشقان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی کثیر تعداد میں شرکت کی محفل پاک کا آغاز تلاوت قرآن مجید فرقان حمید سے ہوا تلاوت کرنے کی سعادت استاذ القراء زینت القراء قاری محمد یوسف سیالوی نے حاصل کی۔۔۔ خانہ خوان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بہت ہی خوبصورت (بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم شہباز شریف کی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے افتتاحی اجلاس میں شرکت

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کیلئے پہنچ گئے ہیں۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت خالد مقبول صدیقی، معاون خصوصی طارق فاطمی اور پاکستان کے اقوام متحدہ (بقیہ نمبر 2)

واس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی الرازی ہال میں اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

ہارنسنگ دی انوویشن اکانومی کے عنوان سے سیمینار کا انعقاد

ماہرین نے قومی سلامتی اور معاشی ترقی کے لئے ہوابازی میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری پر زور دیا، CASS سیمینار

مہاشوں کا خود خلا اور ٹیکنالوجی میں ترقی کے ذریعے پاکستان کی صنعت اور سلامتی کو مستحکم کرنا تھا، ایئر وائس مارشل (ر) ناصر وائن

اسلام آباد (ثمائمہ عوامی للکار) سینٹر فار ایروسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد نے 'ایئر اینڈ اسپیس ٹیکنالوجیز: ہارنسنگ دی انوویشن اکانومی کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد کیا، جس میں دفاع، ٹیکنالوجی اور تعلیمی شعبے کے ماہرین نے شرکت کی۔ مہاشوں کا خود خلا اور ٹیکنالوجی میں ترقی کے ذریعے پاکستان کی صنعت اور سلامتی کو مستحکم کرنا تھا۔ ایئر وائس مارشل ناصر وائن (ریٹائرڈ) نے ہوائی طاقت کے ایروسپیس طاقت میں ارتقاء پر، رشتی ڈالی اسٹلائٹ ٹیکنالوجی اور خوفناک نظام پیچیدہ جدید ایجادات کے (بقیہ نمبر 8)

سینئر فلائر ایروسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز اسلام آباد نے 'ایئر اینڈ اسپیس ٹیکنالوجیز: ہارنسنگ دی انوویشن اکانومی کے عنوان سے ایک سیمینار شرکت شرکا کے گروپ فوٹو

دی سپرٹ سکول چوآسیدن شاہ کیمپس میں محفل میلاد

سکولز میں ایسی محفلوں کا اہتمام بہت ضروری ہے، والدین کا اظہار خیال

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد سے) دی سپرٹ سکول چوآسیدن شاہ کیمپس میں میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا پروقار انعقاد تھے طلباء طالبات نے نعت پیش کی۔ مقررین نے سیرت النبی پر روشنی ڈالی۔ چوآسیدن شاہ میلاد مصطفیٰ بسلسلہ جشن (بقیہ نمبر 3)

راجہ مجاہد افسر آف ڈنڈوت کا راولپنڈی چیمبر کا دورہ

سابق صدر چیمبر آف کامرس ثاقب رفیق سے اوادی ملاقات

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد سے) ممتاز سماجی شخصیت راجہ محمد مجاہد افسر آف ڈنڈوت راولپنڈی چیمبر آف کامرس کا دورہ معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر آف ڈنڈوت کا سابق صدر چیمبر آف کامرس ثاقب رفیق سے اوادی ملاقات عظیم سماجی شخصیت راجہ (بقیہ نمبر 4)

صنعتی ورکرز کو علاج کی بہترین سہولیات مفت ملیں گی، چوہدری شافع حسین

سندر انڈسٹریل اسٹیٹ لاہور اور ایم قمری انڈسٹریل سٹی فیصل میں 50-50 بستروں کے ہسپتال بنیں گے

انڈسٹری کے پسماندہ علاقوں میں ورکرز کالونیوں کو رہائش کی فلاح کیلئے ہر ضروری اقدام کریں گے، وزیر صنعت و تجارت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا جس میں سندر انڈسٹریل اسٹیٹ لاہور اور ایم قمری انڈسٹریل سٹی فیصل آباد میں سوشل سکیورٹی ہسپتالوں کے قیام کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین پینک جاوید اقبال، وائس کنٹرر پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن ڈاکٹر احمد ہڈی جی (بقیہ نمبر 9)

دسمگلروں، مجرموں سے نمٹنے کیلئے بڑے ڈرونز خریدنے کا فیصلہ

ڈرونز میں کیمروں کے ساتھ مارٹر گولے لے کر جانے اور پھینکنے کی صلاحیت ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے دور دراز علاقوں میں چھپے ہوئے دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف ایکشن کے لیے بڑے ڈرونز خریدنے کا فیصلہ کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق ڈرونز میں کیمروں کے ساتھ مارٹر گولے لے جانے اور پھینکنے کی صلاحیت ہوگی، ایک ڈرون میں ایک وقت کے دوران 60 کلو کا مارٹر گولہ لے کر جانے کی صلاحیت ہوگی۔ ڈرونز کی مارٹر گولے لے جانے کی رینج کی آگاہی موصول ہوگئی جبکہ ڈرونز کیمروں میں (بقیہ نمبر 2)

ڈاکٹر بریخی امرسوریا کو سری لنکا کی نئی وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک وزیراعظم کی ڈاکٹر بریخی امرسوریا کو سری لنکا کی وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی، وزیراعظم کا ڈاکٹر بریخی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار۔ مجھے یقین ہے کہ آپ کے دور حکومت میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان کثیر جہتی تعاون (بقیہ نمبر 20)

CEO ہیلتھ راولپنڈی کے احکامات پر فوگنگ کا عمل شروع

ڈی ڈی ایچ او ملک صفدر کے احکامات پر تحصیل بھر میں فوگنگ کا عمل اور انسداد ڈینگی کے حوالے سے آگاہی مہم بھی شروع کی گئی ہے

ہاؤسنگ سکیم ڈوار اور ملحقہ آبادی میں فوگنگ کروائی گئی جبکہ سرکاری عمارتوں پرائیویٹ سیکٹرز میں فوگنگ مختلف اوقات میں کی جارہی ہے



گوجرخان (فرخزاد) ڈینگی کے بڑھتے ہوئے کیسیز کو مدنظر رکھتے ہوئے سی ای او ہیلتھ راولپنڈی کے احکامات اور ڈی ڈی ایچ او ملک صفدر کی ہدایات پر تحصیل گوجرخان میں انسداد ڈینگی مہم کو تیز کر دیا گیا ہاؤسنگ سکیم ڈوار اور ملحقہ آبادی میں آج فوگنگ کروائی گئی اس سلسلے میں ڈینگی فوکل پرسن ملک مظہر اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان، میم محمد صداقت بھٹی، محمد آصف اور دیگر عملہ اور گروڈوارح کے دیہاتوں میں صبح اور شام فوگنگ کروانے میں مصروف عمل ہیں تفصیلات کے مطابق ڈی ڈی ایچ او گوجرخان ملک صفدر نے اپنے بیان میں کہا کہ شہری اور دیہاتی علاقوں سمیت تمام ہاؤسنگ سوسائٹیز (بقیہ نمبر 22)

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور ٹی سی آئی گرین سٹار کے زیر اہتمام

کنٹراسیپٹیو کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب ثمن رائے و افسران ثقافت شعبوں سے تعلق رکھنے والے گانا کالوجسٹ، کنسلٹنٹس اور طبی ماہرین کی شرکت

تقریب کا مقصد ثقافت تھیٹر کے کنٹراسیپٹیو طریقوں کے بارے میں آگاہی اور شادی شدہ جوڑوں کے درمیان کھل کر بات چیت کی سہولت فراہم کرنا ہے

دنیا بھر میں سالانہ مجموعی آبادی کے کروڑوں ہے ایک ایسی دنیا جہاں ہر حمل کی خواہش ہو، ہر بچے کی پیدائش محفوظ ہو اور ہر نوجوان کی صلاحیت پوری ہو

پاپولیشن کے بعد خاندانی منصوبہ بندی کے مداخلت کے نتائج کا اشتراک جو کہ ایک بہت ہی سرمایہ کاری موثر حکمت عملی ہے

آبادی میں اضافے کی شرح کو کم کر کیلئے پاکستان میں کنٹراسیپٹیو ادویات کے پھیلاؤ کو بڑھایا جا سکتا ہے

کنٹراسیپٹیو طریقوں کی مکمل رینج تک رسائی خواتین اور لڑکیوں کو یہ انتخاب کرنے کی اجازت دیتی ہے

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے کنٹراسیپشن کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور (ثمائمہ عوامی للکار) پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے کے زیر اہتمام کنٹراسیپٹیو کے عالمی دن کے حوالے سے آج پاک آئیڈیز میں تقریب کا انعقاد ہوا۔ تقریب کی مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب ثمن رائے تھیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پاپولیشن ویلفیئر ظفر اقبال، پی سی آئی پی ایل ڈاکٹر محمد اکرم، پانچ و دیگر افسران ثقافت کنٹراسیپٹیو سے تعلق رکھنے والے گانا کالوجسٹ، کنسلٹنٹس اور طبی ماہرین کی اکیڈمی تعداد نے شرکت کی۔ اس منعقدہ تقریب کا مقصد ثقافت تھیٹر کنٹراسیپٹیو طریقوں (بقیہ نمبر 9)

گورنر سندھ کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات سیاسی صورتحال پر گفتگو

مولانا سینئر سیاستدان ہیں، ان کے فیصلے ملک کی بہتری کے لیے ہوں گے، کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی ہے۔ مولانا فضل الرحمان اور گورنر سندھ کی ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی اور معاشی صورتحال پر خیالات خیال (بقیہ نمبر 5)

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان غیر ملکی دورے پر امریکہ روانہ

اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس میں وزیراعظم کے ہمراہ شرکت کریں گے

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان غیر ملکی دورے پر امریکہ روانہ ہوگئے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ شرکت کریں گے۔ ڈپٹی سپیکر ملک محمد اقبال چنڑ قائم مقام سپیکر پنجاب (بقیہ نمبر 6)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
ABC
عوام کی سچی ترجمان آواز
ادارہ کریف فیصل پیرا

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

اقوام متحدہ کو عالمی امن کا ضامن ادارہ بنائیں

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 79ویں اجلاس سے قبل عرب نیوز سے بات کرتے ہوئے یو این سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے غزہ اور لبنان سے متعلق اپنی پالیسی، خدشات اور جنگ بندی کے امکانات پر گفتگو کی اور فوری جنگ بندی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ لبنان کو غزہ کی طرح کھنڈرات نہیں بننے دیا جا سکتا۔ لبنان میں پیجر دھماکوں میں متعدد افراد کے جاں بحق اور سینکڑوں کے زخمی ہونے پر انہوں نے عالمی قوتوں سے مطالبہ کیا کہ لبنان کو غزہ کی طرح کھنڈرات میں تبدیل ہونے سے روکنا ہوگا۔ انتونیو گوتریس نے اس بات پر زور دیا کہ موساد اسلحی آلات کے ذریعے حملے اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان ایک ہمہ گیر جنگ کے خدشات کو ظاہر کر رہے ہیں۔ ہمیں ہر قیمت پر کسی نئی جنگ سے بچنے کی ضرورت ہے۔ اس سوال پر کہ کیا وہ حماس کے رہنما یحییٰ سنوار اور اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کے حق میں ہیں تو انتونیو گوتریس نے جواب دیا کہ وہ عالمی عدالت آئی سی سی کے تمام فیصلوں کی حمایت کرتے ہیں۔ انتونیو گوتریس نے مزید کہا کہ فلسطینی عوام کو اجتماعی طور سزا دی جا رہی ہے۔ اسرائیل فلسطین تنازعہ کے حل کے لیے دو ریاستی حل پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس انسانی المیے کا سیاسی حل کے سوا کوئی اور حل نہیں ہے جس کیلئے ہمیں جنگ کو فوری روکنے کی ضرورت ہے۔

فلسطین کو کھنڈرات میں تبدیل کرنے کے بعد اسرائیل کی لبنان پر وحشیانہ بمبار بمباری روکنے اور اسے کھنڈرات نہ بننے دینے کیلئے اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری کی جانب سے عالمی اداروں سے کی گئی اپیل سے بادی النظر میں یہ محسوس ہو رہا ہے کہ اقوام متحدہ نہ صرف غیر موثر ہو چکا ہے بلکہ اس کا چارٹر کاغذ کا ایک ٹکڑا بن کر رہ گیا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ 7 اکتوبر 2023ء کے اب تک جاری اسرائیل کے جنگی جرائم اور عالمی قوانین کی خلاف ورزی پر اس نمائندہ ادارے کی طرف سے اسکے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جاتی اور اسے عالمی عدالت انصاف کے کٹہرے میں بھی کھڑا کیا جاتا مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ عالمی عدالت انصاف کی جانب سے نیتن یاہو کے وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے باوجود انہیں گرفتار نہیں کیا گیا اور نہ ان پر جنگ بندی کیلئے موثر دباؤ ڈالا گیا جس سے اسرائیل کے حوصلے مزید بلند ہوتے رہے اور فلسطین کے بعد اب وہ لبنان پر بھی چڑھ دوڑا ہے۔ اقوام متحدہ اب تک اسرائیل کیلئے کئی قرارداد پر منظور کر چکا ہے مگر انہیں عملی جامہ پہنانے کی نوبت آج تک نہ آسکی جس سے اس عالمی نمائندہ ادارے کی بے بسی کا ہی تاثر ملتا ہے۔ دو روز بعد جنرل اسمبلی کا اجلاس شروع ہونے جا رہا ہے' اس اجلاس میں اقوام متحدہ کے تمام رکن ممالک کو متحد ہو کر فلسطین اور کشمیر کی

ڈپٹی وزیر اعظم اسحاق ڈار کے روس کیساتھ معاہدے

اسد اللہ غالب

پاکستان کو عمران خان نے عالمی تنہائی کی جس گہرائی میں دھکیل دیا تھا، ہمارے ڈپٹی وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کا باوقار مقام بحال کر دیا ہے۔ پاکستان کی طرف سے روس کے بین الاقوامی ٹرانسپورٹ کوریڈور میں شمولیت کا اعلان انتہائی خوش آئند امر ہے۔ یہ بین الاقوامی ٹرانسپورٹ کوریڈور بیلاروس، روس، قازقستان، ازبکستان، افغانستان اور پاکستان پر مشتمل ہوگا۔ پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے روس کے نائب وزیر اعظم الیکسی اوورچوک کی سربراہی میں وفد نے معیشت اور تجارت کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے۔ تقریب میں اسحاق ڈار اور روسی نائب وزیر اعظم شریک ہوئے۔ تقریب میں پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج اور سینٹ پیٹرزبرگ انٹرنیشنل مرکنٹائل ایکسچینج کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر بھی دستخط ہوئے۔ اس موقع پر پاکستان نے بین الاقوامی ٹرانسپورٹ کوریڈور کی تعمیر اور ترقی سے متعلق مفاہمت نامے میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اسحاق ڈار نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ پاک روس تعلقات درست سمت گامزن ہیں اور توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔

پاک روس تعلقات میں یہ اہم پیشرفت دونوں ملکوں کے لیے انتہائی خوش آئند ہے۔ روسی نائب وزیر اعظم الیکسی اوورچوک نے دورہ پاکستان کے موقع پر اپنے ہم منصب اسحاق ڈار سے مذاکرات کے علاوہ صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف سے بھی ملاقاتیں کیں۔ آئندہ ماہ روسی وزیر اعظم بھی پاکستان آرہے ہیں، جن سے نتیجہ خیز مذاکرات میں باہمی روابط مزید مستحکم ہوں گے۔ روسی نائب وزیر اعظم سے الگ الگ ملاقاتوں میں صدر زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان، روس کے ساتھ تجارت اور سکیورٹی تعاون میں اضافے کا خواہاں ہے۔ پاکستان اور روس میں دوسرے شعبوں کے علاوہ زراعت میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کی بڑی گنجائش ہے، جو اس وقت پاکستان کی ضرورت بھی ہے۔ باہمی تجارت میں اضافے سے بھی دونوں ملکوں کو فائدہ پہنچے گا۔ اس سلسلے میں ایک 75 رکنی کاروباری وفد اکتوبر میں روس جائے گا جو تجارتی تعاون کے مواقع کا جائزہ لے گا۔ چین کے بعد روس کے ساتھ کثیر جہتی تعلقات پاکستان کے نقطہ نظر سے بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔

یہ تاریخی معاہدہ طے پا جانے کے بعد جاری ہونے والے مشترکہ اعلامیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ فریقین اس معاہدے پر پوری طرح اور جلد از جلد عمل درآمد کی خواہش مند ہیں۔ عام تاثر یہ ہے کہ تیل اور گیس کی سپلائی کے لیے زمینی اور بحری دونوں ذرائع استعمال کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ پاکستان اور روس کے درمیان براہ راست فضائی سروس بھی قائم کی جائے گی۔ اس سے نہ صرف روس بلکہ وسطی ایشیا کی ریاستوں کے ساتھ رابطوں میں بھی آسانی پیدا ہوگی اور تعلقات میں استحکام آئے گا کیونکہ اس وقت اسلام آباد سے روس اور وسطی ایشیا تک پہنچنے کے لیے فضائی سفر میں 21 گھنٹے صرف ہوتے ہیں اور روس کے ساتھ اس کے سنٹرل ایشین ایئر کوریڈور کو استعمال کرنے کا معاہدہ ہو جانے سے یہ سفر صرف 4 گھنٹے کا رہ جائے گا۔ مواصلاتی روابط کو روس اور پاکستان کے درمیان نہ صرف تجل بلکہ دیگر شعبوں میں بھی قریبی تعلقات کے فروغ میں کلیدی حیثیت حاصل ہے۔

بھارت کی سیکولرازم اس کے تاریخی تناظر پر مشتمل ہے

۔ تنزیلہ ناصر

صحت۔ مثال کے طور پر۔ آئین کا آرٹیکل 25 مذہب کو قبول کرنے، اس پر عمل کرنے اور اس کی تبلیغ کرنے کی آزادی کی ضمانت دیتا ہے لیکن یہ ریاست کو ان حقوق پر پابندیاں عائد کرنے کی بھی اجازت دیتا ہے۔ اس کے علاوہ، ہندوستانی ریاست مذہبی اداروں کے انتظام میں ایک فعال کردار ادا کرتی ہے۔ مذہبی وقفوں، مندروں، اور زیارت گاہوں پر حکمرانی کرنے والے قوانین میں اکثر ریاستی نگرانی کی دفعات شامل ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر، کیرالہ اور تمل ناڈو جیسی کچھ ریاستوں میں، ہندو مندروں کے انتظام کو ان قوانین کے ذریعے منظم کیا جاتا ہے جو تحت کے ریاست کے مقرر کردہ اہلکاروں کو ان مذہبی اداروں کی نگرانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ نظر نظر سماجی اصلاحات اور عوامی بہبود کی ضرورت کے ساتھ مذہبی آزادی کو متوازن کرنے کی ہندوستان کی کوشش کی عکاسی کرتا ہے۔ سیکولر ہندوستان میں مذہبی اقلیتوں کو حاصل حقوق کا موازنہ پڑوسی مذہب کی بنیاد پر ریاستوں کے ساتھ کرنے سے، سخت اختلافات ابھرتے ہیں۔ ہندوستان، اپنے جنٹیموں کے باوجود، مذہبی آزادی اور قانون کے تحت مساوی سلوک کی آئینی ضمانت فراہم کرتا ہے۔

ہندوستان میں مذہبی اقلیتوں جیسے مسلمانوں، عیسائیوں، سکھوں اور دیگر کو اپنے قلمی ادارے قائم کرنے اور ان کا انتظام کرنے، اپنی عبادت گاہوں کا انتظام کرنے اور اپنے مذہبی رسوم ورواج پر عمل کرنے کا حق ہے، حالانکہ کچھ ریاستی ضابطے کے ساتھ۔ اس کے برعکس، پاکستان اور بنگلہ دیش جیسے پڑوسی ممالک، جو کہ بنیادی طور پر مسلمان ہیں اور سارکو کو ریاستی مذہب کے طور پر تسلیم کرتے ہیں، اکثر اقلیتوں کے مذہبی رسوم پر پابندی لگاتے ہیں، مثال کے طور پر، پاکستان میں ہندومت، عیسائیت اور احمدیت جیسے مذاہب کو قانونی سماتھ ہے۔ اور سماجی امتیاز پاکستان کے توہین رسالت کے قوانین مذہبی اقلیتوں کو شناخت بنانے کے لیے استعمال کیے جانے کے لیے بدنام ہیں، جن میں اسلامی عقائد کی خلاف ورزی کا الزام لگانے والوں کے لیے موت سمیت سخت سزائیں ہیں۔ خاص طور پر، احمدیوں کو آئینی طور پر غیر مسلم قرار دیا گیا ہے اور انہیں خود کو مسلمان کہنے یا کلمے جاہ اپنے عقیدے پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ اسی طرح بنگلہ دیش میں، جب کہ آئین کا دین میں سیکولرازم کا اعلان کیا تھا، بعد میں اسلام کو ریاستی مذہب قرار دیا گیا۔ اگرچہ مذہبی اقلیتیں جیسے ہندو اور عیسائی کچھ آئینی تحفظات سے لطف اندوز ہوتے ہیں، لیکن انہیں اکثر سماجی امتیاز اور تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر، ویمبلڈ یا پرانی ایک تاریخی طور پر ہندوؤں کی ملکیتی جائیداد کو دوبارہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا رہا ہے، جس سے کمیونٹی کی معاشی پسماندگی میں مدد ملتی ہے۔ ہندوستان کا بائل، حالانکہ کے خامیوں کے بغیر نہیں ہے، اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہے کہ تمام مذہبی برادریوں کو ریاستی مداخلت یا جانبداری کے بغیر اپنے عقائد پر عمل کرنے کی آزادی ہو۔ اس کے پڑوسیوں کے ساتھ تضاد ایک ایسے خطے میں ایک سیکولر ریاست کو برقرار رکھنے کے چیلنجوں اور پیچیدگیوں کو اجاگر کرتا ہے جہاں مذہب اکثر قومی شناخت میں مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ ہندوستان کی عدلیہ نے مذہب اور ریاست کے درمیان پیچیدہ تعلقات کو حل کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ تاریخی کیس آر بومایاد میں۔ یونین آف انڈیا کیس (1994) میں، سپریم کورٹ نے ہندوستانی ریاست کی سیکولر نوعیت کی توثیق کی، یہ فیصلہ دیا کہ "سیکولرازم آئین کے بنیادی ڈھانچے کا حصہ ہے" اور اسے پارلیمانی ترامیم کے ذریعے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ اس، عدلیہ نے یہ بھی ہندوستانی سیکولرازم کی منفرد نوعیت کو تسلیم کیا ہے، جو مذہب کو عوامی دائرے سے عمل طور پر خارج نہیں کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، مذہبی طریقوں کے ضابطے سے متعلق معاملات میں، عدالت نے مذہب کے ضروری" اور "غیر ضروری" پہلوؤں کے درمیان فرق کیا ہے، جس میں سابقہ آئینی طور پر تحفظ دیا گیا ہے اور بعد میں ریاستی ضابطے سے مشروط ہے ۔ سیکولرازم کے بارے میں ہندوستان کا نقطہ نظر مذہبی تنوع کے احترام اور ایک غیر جانبدار، غیر مذہبی ریاست کو برقرار رکھنے کے درمیان ایک نازک توازن کا عمل ہے ۔ جیسے جیسے ہندوستان ایک جمہوریت میں ترقی کرتا ہے، مذہب اور ریاست کے درمیان مناسب تعلق پر بحث جاری رہنے کا امکان ہے۔ سیکولرازم کا ہندوستانی ساماہ، اگرچہ ناکمل ہے، جمہوری ڈھانچے کے اندر اپنے وسیع تنوع مذہبی حقوق کو متوازن کرنے کے لیے ملک کے عزم کا ثبوت ہے۔ ہندوستان کے سیکولرازم کا مستقبل اس بات پر منحصر ہوگا کہ وہ ان پیچیدہ حرکیات سے کیسے نمٹتا ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ جمہوریت اور انصاف کے اصولوں کو برقرار رکھتے ہوئے تمام مذاہب کے ساتھ یکساں احترام کے ساتھ برتاؤ کیا جائے۔

پیش کردہ مضمون میری ذاتی رائے پر مشتمل ہے۔۔۔

SHOWBIZ شوبز

کچھ لوگوں کو دوسروں میں خامیاں نکال کر تسکین ملتی ہے

صرف ہدایت کی دعا ہی کر سکتی ہوں' بول سے کامیابی سے دروازے کھلے، مائرہ خان

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ مائرہ خان نے کہا ہے کہ ہمارے ہاں دوسروں پر تنقید فیشن بن گیا ہے، کچھ لوگوں کو دوسروں میں خامیاں نکال کر تسکین ملتی ہے، اس لیے اپنے لوگوں کیلئے صرف ہدایت کی دعا ہی کی جا سکتی ہے، فلمی بیرونٹی کے طور پر میں بیانیئہ شعیب منصور کی دریافت ہوں۔ ایک انٹرویو میں مائرہ خان نے کہا کہ فلم "بول" کی کامیابی کے بعد میرے لیے ایک بڑے بدلاؤ سے ہے اور میں نے اگلے بڑے کے مواقع پیدا ہوئے اور میں نے گلن اور جذبے سے سے کام کر کے اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔

بیٹے کے دوست میرے کام سے متعلق تذبذب کا شکار ہیں، ملائکہ اروڑا

آپ زندگی گزارنے کیلئے ایک کام نہیں کرتی ہیں بلکہ آپ فیشن شوز میں حصہ لیتی ہیں

سمتی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ ملائکہ اروڑا نے کہا ہے کہ میرے بیٹے ارہان کے دوست میرے کام سے متعلق تذبذب کا شکار ہیں۔ حالیہ انٹرویو میں ملائکہ اروڑا نے بتایا کہ ارہان نے ایک دن مجھ سے پوچھا کہ "میرے دوست تذبذب کا شکار ہیں، آپ کام کیا کرتی ہیں؟" انکا کہنا تھا کہ بیٹے نے مجھ سے کہا' "آپ زندگی گزارنے کیلئے ایک کام نہیں کرتی ہیں بلکہ آپ فیشن شوز میں حصہ لیتی ہیں، ریمپ پر چلتی ہیں اور ٹھمکوں میں آٹم ونگ بھی کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے میرے' اکثر دوست آپ کے متعلق پیشے سے متعلق ایک طرح کی الجھن کا شکار ہیں۔

پاکستانی اداکارہ سجل علی انڈین سپر اسٹار یش پر اعتماد کیساتھ فلم بنائیں گی

سمتی (این این آئی) بالی وڈ انڈسٹری میں یہ خبریں گرم ہیں کہ پاکستانی اداکارہ سجل علی انڈین سپر اسٹار یش پر اعتماد کے ساتھ ایک رومینٹک فلم میں نظر آئیں گی۔ سجل علی بالی وڈ فلم "نام ان انوکھا" میں آلیکھ بھارتی اجمیر سری دیوی کی بیٹی کا کردار کر چکی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ کی پروجیکٹ کیلئے بات چیت جاری ہے اور توقع ہے کہ معاملات جلد طے پا جائیں گے۔ رومینٹک ڈرامہ فلم کو ہنو راگھوا پوڈی ڈائریکشن دیں گے اور یہ ایک جذبات سے بھرپور پروجیکٹ ہوگا جو تنہا عاشقوں کو نیا تجربہ دے گا۔ سجل علی پچھلے برس ایک پرتاپوی فلم 'داس لوگات نو دو دوا' میں نظر آئی تھیں جس میں ماہ ورا کا کردار شامل تھا۔

بھارتی مرد بھوتوں سے زیادہ خطرناک ہیں، ٹوئنکل کھنہ

خواتین کسی مرد کا سامنا کرنے کے بجائے بھوتوں کا سامنا کریں

سمتی (این این آئی) ٹوئنکل کھنہ کا کہنا ہے کہ بھارتی خواتین کیلئے یہ زیادہ محفوظ ہے کہ وہ تاریک گلی میں کسی مرد کا سامنا کرنے کے بجائے بھوتوں کا سامنا کریں۔ اپنے سماجی تبصرے کے حوالے سے پنڈم میں بالی وڈ اداکارہ نے معضر بیٹے والی ٹوئنکل کنگ عرف سرفی بونزے بھارتی میڈیا میں شائع ہونے والے اپنے حالیہ کالم میں' بھارتی اسرجز (خواتین) بھوت سے کیوں نہیں ڈرتیں؟" کے موضوع پر اظہار خیال کیا ہے۔ انہوں نے اپنے سماجی تبصرے کے ذریعے سماج میں بالی وڈ اداکارہ کے بیٹے کو بھی نہ بخشا۔ وقائی اور صحیح بالی وڈ اداکارہ ٹوئنکل کھنہ عرف سرفی بونزے نے کہا ہے کہ ہمارے ہاں دوسروں پر تنقید فیشن بن گیا ہے، کچھ لوگوں کو دوسروں میں خامیاں نکال کر تسکین ملتی ہے، اس لیے اپنے لوگوں کیلئے صرف ہدایت کی دعا ہی کی جا سکتی ہے، فلمی بیرونٹی کے طور پر میں بیانیئہ شعیب منصور کی دریافت ہوں۔ ایک انٹرویو میں مائرہ خان نے کہا کہ فلم "بول" کی کامیابی کے بعد میرے لیے ایک بڑے بدلاؤ سے ہے اور میں نے اگلے بڑے کے مواقع پیدا ہوئے اور میں نے گلن اور جذبے سے سے کام کر کے اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔

سگی اور سوتیلی والدہ کا آپس میں گہرا تعلق تھا، یشما گل

ادا کارہ نہیں لیڈی ڈیانا بننا چاہتی تھی، حریم فاروق

میں اپنے گھر والوں سے بتی تعلق کسی شاہی خاندان سے ہے

کراچی (سی ایم نکس) پاکستانی فلم و ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ حریم فاروق نے کہا ہے کہ وہ بچپن سے ہی لیڈی ڈیانا بننا چاہتی تھیں۔ حریم فاروق نے حال ہی میں اپنے نئے ڈرامہ سیریل 'تمل' کی تشہیر کے لیے ڈرامے کی کاسٹ کے ہمراہ نجی ٹی وی چینل کے بلاک شو میں شرکت کی۔ اس دوران، شوکی میزبان نے ادا کارہ سے سوال کیا کہ آپ نے نوعمری میں اپنے چہرے سے متعلق کیا خواب دیکھا تھا؟ اس سوال کے جواب میں حریم فاروق نے کہا کہ میں لیڈی ڈیانا بننا چاہتی تھی۔

مجھے جلتا دیکھ کر والد بے ہوش ہو گئے تھے: کومل عزیز

بچپن میں خود کو گرم چائے سے جلا لیا تھا، جسے دیکھ کر والد بے ہوش ہو گئے تھے

کراچی (سی ایم نکس) پاکستان شوبز انڈسٹری سے وابستہ معروف اداکارہ اور کاروباری خاتون کومل عزیز نے حالیہ انٹرویو میں انکشاف کیا ہے کہ ان کے والد جب 50 برس کے تھے تو کافی منتوں اور مرادوں کے بعد ان کی پیدائش ہوئی، بچپن میں خود کو گرم چائے سے جلا لیا تھا، جسے دیکھ کر والد بے ہوش ہو گئے تھے۔ حال ہی میں نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں اداکارہ نے شرکت کی اور اپنے بچپن کی خوبصورت یادوں کو تازہ کیا۔ دوران پروگرام انہوں نے بتایا کہ والدی کافی پیار رہتی تھیں اس لیے والد ان کو خیال رکھتے تھے، اسی وجہ سے انہوں نے دادی کے انتقال کے بعد 45 برس کی عمر میں شادی کی اور شادی کے 5 سال بعد اللہ تعالیٰ نے میرے والد کو 2 بیٹیوں سے نوازا۔

بیٹے کے دوست میرے کام سے متعلق تذبذب کا شکار ہیں، ملائکہ اروڑا

آپ زندگی گزارنے کیلئے ایک کام نہیں کرتی ہیں بلکہ آپ فیشن شوز میں حصہ لیتی ہیں

سمتی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ ملائکہ اروڑا نے کہا ہے کہ میرے بیٹے ارہان کے دوست میرے کام سے متعلق تذبذب کا شکار ہیں۔ حالیہ انٹرویو میں ملائکہ اروڑا نے بتایا کہ ارہان نے ایک دن مجھ سے پوچھا کہ "میرے دوست تذبذب کا شکار ہیں، آپ کام کیا کرتی ہیں؟" انکا کہنا تھا کہ بیٹے نے مجھ سے کہا' "آپ زندگی گزارنے کیلئے ایک کام نہیں کرتی ہیں بلکہ آپ فیشن شوز میں حصہ لیتی ہیں، ریمپ پر چلتی ہیں اور ٹھمکوں میں آٹم ونگ بھی کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے میرے' اکثر دوست آپ کے متعلق پیشے سے متعلق ایک طرح کی الجھن کا شکار ہیں۔

SPORTS سپورٹس

بلکنگ فیڈریشن کے صدر پر تاحیات پابندی

کرینل منصوری دی گئی۔ سلمان سرفراز پاکستان بلکنگ فیڈریشن کے صدر خالد محمود اور سیکرٹری ناصر توگ پر تاحیات پابندی لگا دی گئی۔ خالد محمود پاکستان اولمپکس ایسوسی ایشن کے بعد پاکستان اولمپکس ایسوسی ایشن کے عہدے پر بھی سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان اسکواش فیڈریشن اور پولو میں سپ ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ فیڈریشن کے عہدیداروں پر پابندی کی سفارش کی تھی۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس میں کینٹی کی سفارشات پر عمل درآمد کیا گیا۔ اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان بلکسرز کے بدین بلک لاپتہ ہونے کے معاملے پر پاکستان سپورٹس بورڈ نے بلکنگ فیڈریشن کے سپورٹس بورڈ نے بلکنگ فیڈریشن کے صدر اور سیکرٹری پر تاحیات پابندی کی منظوری دی ہے۔ اکھاوری کمیٹی نے تحقیقات کر کے دونوں عہدیداروں پر پابندی کی سفارش کی تھی۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کی میٹنگ میں کینٹی کی سفارشات پر عمل درآمد کیا گیا۔ خیال رہے کہ پاکستان اسکواش اور پولو میں سپ ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کا کنٹکش کیمپ، قومی ٹیم میں اتحاد زور

سب نے کمٹمنٹ دکھائی، ہم پاکستان کرکٹ کے فخر کو واپس لائیں گے

لاہور (اے ایف پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے کنٹشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا جہاں ٹیم کی خراب پرفارمنس کے ساتھ جنٹیمنٹ کی کارکردگی پر بھی بات چیت ہوئی جب کہ کھلاڑیوں اور مینجمنٹ نے ٹیم میں اتحاد پر زور دیا۔ کنٹشن کیمپ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے پی سی بی کے چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر کا کہنا تھا کہ کیم کا ایک مصروف سیزن ہے اور اس وقت ہم نے ٹی ٹینٹر کرہات چیت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سی ایو اوا نے کہا کہ پرفارمنس بہتر ہو سکتی ہے، سب اس کو محسوس کر رہے ہیں۔ سلمان نصیر کا کہنا تھا کہ ہم نے کھلے دل سے سب باتیں شیئر کی ہیں، ہم نے ایک دوسرے کو کمٹمنٹ دی ہے۔ اتحاد کے اور سب سے زیادہ بات ہوئی ہے

پاک انگلینڈ ٹیسٹ سیریز، قومی ٹیم کا اعلان رواں ہفتے ہونے کا امکان

بنگلہ دیش بنگلاف ٹیسٹ میں 3 سے 4 تبدیلیاں متوقع

لاہور (اے ایف پی) انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے قومی ٹیم کا اعلان رواں ہفتے ہونے کا امکان ہے۔ اخبار سپرٹس نیوز کے مطابق شان مسعود کو ہی انگلینڈ کے خلاف سیریز کیلئے پاکستان برقرار رکھا جائے گا، قومی ٹیم 2 اکتوبر کو ملتان میں رپورٹ کرے گی۔ مہمان انگلینڈ کی ٹیم بھی اسی روز ملتان میں لینڈ کرے گی، انگلینڈ کی ٹیم 3 اکتوبر کو پریکٹس میچ کھیلے گی، انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے قومی ٹیم میں 3 سے 4 تبدیلیاں متوقع ہیں۔ لاہور میں کنٹشن کیمپ کے بعد ریڈ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ جسٹن لینگر بھی ٹیسٹ آپ میں پہنچ گئے ہیں۔

کرائے کو میٹ ورلڈ چیمپئن شاہ زیب رند نے اپنا ٹائٹل قوم کے نام کر دیا

ذاتی خرچے کے بل بوتے پر تین مہینے تک امریکہ میں ٹریننگ کی

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان نے کرائے کو میٹ ورلڈ چیمپئن شاہ زیب رند اپنا ٹائٹل قوم کے نام کر دیا اور کہا کہ پاکستان کے اندر سپورٹس کا گورننس ہے، دنیا میں سب سے ایلیٹ لوگ پاکستان میں موجود ہیں، حکومت نوجوانوں کی سرپرستی کرے، ذاتی خرچے کی بل بوتے پر تین مہینے تک امریکہ میں ٹریننگ کی، میرا کوئی سپانسر نہیں تھا، بلوچستان میں نوجوانوں کو ٹریننگ دینے کے لیے اکیڈمی بنائیں گا۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں سابق وفاقی وزیر سردار یار محمد رندکی صاحبزادی شاہ زیب رند نے اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان کے پہلے کرائے کو میٹ ورلڈ چیمپئن شاہ زیب رند اپنا ٹائٹل قوم کے نام کر دیا اور کہا کہ پاکستان کے اندر سپورٹس کا گورننس ہے، دنیا میں سب سے ایلیٹ لوگ پاکستان میں موجود ہیں، حکومت نوجوانوں کی سرپرستی کرے، ذاتی خرچے کی بل بوتے پر تین مہینے تک امریکہ میں ٹریننگ کی، میرا کوئی سپانسر نہیں تھا، بلوچستان میں نوجوانوں کو ٹریننگ دینے کے لیے اکیڈمی بنائیں گا۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں سابق وفاقی وزیر سردار یار محمد رندکی صاحبزادی شاہ زیب رند نے کہا کہ میرے پاس امریکہ جانے کے لیے ٹکٹ کے پیسے نہیں تھے مگر انہوں نے حوصلہ افزائی کی میں ان کا مشکور ہوں، انہوں نے کہا کہ میں بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا پہلا فائٹر ہوں جس نے یہ اعزاز حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب میں نے ابتدا میں فائٹ میں حصہ لیا تو پاکستانی ہونے کی وجہ سے مجھے زیادہ پذیرائی نہیں دی گئی۔

شاہ زیب نے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا،

سردار یار محمد رند کا پہلے کرائے کو میٹ ورلڈ چیمپئن شاہ زیب رند کو ایک مرتبہ زرمی اراضی دینے کا اعلان

اسلام آباد (اے ایف پی) سابق وفاقی وزیر سردار یار محمد رندکی طرف سے پاکستان کے پہلے کرائے کو میٹ ورلڈ چیمپئن شاہ زیب رند کو ایک مرتبہ زرمی اراضی دینے کا اعلان، پوری قوم کی طرف سے سلام، جہاں پر کھیل کا نام دنیا میں بلند کیا۔ وفاقی اور صوبائی سپورٹس وزارت سپورٹس کا کردار شرمناک، شاہ زیب کے ساتھ دہرا معیار کیوں اختیار کیا گیا۔ وہ گزشتہ روز اپنی رہائش گاہ پر مارشل آرٹ میں ورلڈ چیمپئن کا ٹائٹل جیتنے اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے شاہ زیب رند کے اعزاز میں

چیٹی ٹیسٹ جیت کر بھارت نے 92 سالہ تاریخ بدل ڈالی

تین میچز کی سیریز میں بھارت کو بنگلہ دیش بنگلاف 0-1 کی برتری حاصل

انتظار کرنا پڑا ٹیسٹ کرکٹ میں ہندوستان کا سفر 1932 میں سی کے نائیڈو کی کپتانی میں شروع ہوا، تاہم اسے اختتامی چیٹی میں انگلینڈ کے خلاف 158 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، اس لمحے سے بھارتی ٹیم اب تک اپنی ہر چیٹی سے شکست کے تناسب کو خود ان کے لیے کیٹے جدوجہد کر رہی تھی، بھارت نے ٹیل 581 ٹیسٹ میچوں میں 179 جیتیں اور 178 شکستوں کا سامنا کیا

ٹی دبلی (اے ایف پی) بھارتی کرکٹ ٹیم نے بنگلہ دیش کو پہلے ٹیسٹ میں شکست دیکر 92 سالہ تاریخ بدل ڈالی، چیٹی ٹیسٹ میچ میں بھارتی کرکٹ ٹیم نے بنگلہ دیش کو 280 رنز کے بڑے مارجن سے شکست دیکر کرکٹ میں پہلی بار شکستوں پر فتوحات کی تعداد کو پیچھے چھوڑ کر ایک تاریخی سنگ میل حاصل کر لیا، بھارت کو یہ سنگ میل حاصل کرنے کیلئے 92 سال تک کا طویل

بقیہ 1

دشمن قوتوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا جا سکے۔ پاک فوج نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دشمن قوتوں اور ان کے سہولت کاروں کے منصوبوں کو ناکام بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے۔ آرمی چیف نے ملک کی حفاظت کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بے لوث قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ پاک فوج خیبر پختونخوا پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو تکنیکی مدد اور مکمل تعاون فراہم کرتی رہے گی۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے خیبر پختونخوا کے عوام کے امن کے قیام اور جنوبی وزیرستان انٹیگریٹڈ ڈیولپمنٹ پلان کے تحت مختلف منصوبوں کو آگے بڑھانے میں ان کے اہم کردار کا بھی اعتراف کیا۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے پاک فوج کی مکمل حمایت کا یقین دلایا۔ آرمی چیف نے قبائلی عمائدین کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے لوث حمایت اور پاکستان آرمی کے ساتھ تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ وانا پہنچنے پر آرمی چیف نے شہداء کی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وانا پہنچنے پر کور کمانڈر پشاور نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔

بقیہ 2

نے وی سیز کی تقرری کی سفارشات مسترد کر کے واپس بھیج دیں، وزیر اعلیٰ کی منظوری سے 13 میں سے 7 وی سی کی تقرری کر دی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ گورنر کی منظوری کے بغیر 7 یونیورسٹیز کے وائس چانسلر کا تقرر کیا گیا، گورنر پنجاب نے سفارشات مسترد کرتے ہوئے کچھ اعتراضات بھی اٹھائے۔ وائس چانسلر کے پینل بنانے کا عمل ٹھیک نہیں تھا، دوبارہ جائزہ لیں، وائس چانسلر کے پینل بنانے میں صحت مندانہ مقابلہ دیکھنے میں نہیں آیا۔ گورنر ہاؤس کے ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ کی جانب سے پینل بھیجا جا سکتا ہے، سلیکشن نہیں کی جا سکتی، وائس چانسلر کا تقرر کرنے کا اختیار گورنر کو حاصل ہے۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ ہاؤس کے ذرائع کا کہنا ہے کہ وائس چانسلر کے پینل بنانے میں شفافیت تھی، کابینہ کی منظوری کے بعد وی سی کی سلیکشن کی گئی۔ ذرائع نے کہا ہے کہ گورنر کا کام صرف دستخط کرنا ہے، سمری واپس نہیں بھیج سکتے، وائس چانسلر کا تقرر وزیر اعلیٰ کی منظوری سے قانون کے مطابق ہے۔

بقیہ 3

ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے بتایا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر ہونے والے ای چالان نادہندگان مالکان اور گاڑیوں کے خلاف گھیرا مزید تنگ کیا جا رہا ہے اور پہلے مرحلہ میں 100 سے زائد ای چالان والی گاڑیوں کے مالکان کو نوٹسز جاری کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ گذشتہ روز نجی کمپنی کو نوٹس جاری، نجی کمپنی کے نام رجسٹرڈ متعدد گاڑیوں نے 1319 مرتبہ ای چالان کی خلاف ...

بقیہ 7

پر جمع ہونے والے مقامی لوگوں نے نوجوان کو منع کیا اور لڑکی سے معافی مانگنے کا کہا۔ اسی دوران لڑکے نے پستول نکال لیا اور ہوائی فائرنگ کی جس سے موقع پر جمع ہونے والے لوگ منتشر ہو گئے۔ پولیس کے مطابق نوجوان نے پہلے لیڈی کانسٹیبل ثمن کے پاؤں میں اور پھر سر میں تین گولیاں ماریں اور موقع سے فرار ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی کینٹ کو ملزم کی جلد از جلد گرفتاری کی ہدایت کی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بھی واقعہ کا نوٹس لے کر سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ آئی جی پنجاب نے واقعہ کی ہر پہلو سے تفتیش کرتے ہوئے ملزم کو جلد از جلد گرفتار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ آئی جی پنجاب نے مزید ہدایت کی کہ ملزم کی گرفتاری کے لئے سیف سٹی کیمروں کی فوٹیج سمیت تمام شواہد کو بروئے کار لایا جائے۔

بقیہ 8

ذریعے روایتی رکاوٹوں کو دور کرنے اور معاشی ترقی کے مواقع کو اجاگر کیا۔ انہوں نے انوویشن اکانومی کے کردار کو اس تبدیلی میں اہم قرار دیا۔ ائر مارشل زاہد محمود (ریٹائرڈ) نے اپنے کلیدی خطاب میں ایرو سپیس کے دفاعی صنعت سے ایک اہم معاشی محرک بننے کے سفر کی تفصیل بیان کی اور سیٹلائٹ تعیناتی، مصنوعی ذہانت اور خلا کی تلاش میں مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے اسٹریٹجک سرمایہ کاری اور ہنر مند انسانی وسائل کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ جو ممالک ان تبدیلیوں کو اختیار نہیں کریں گے وہ پیچھے رہ جائیں گے۔ ڈاکٹر نجم عباس نقوی، چیئرمین نیشنل سینٹر فار جی آئی ایس اینڈ اسپیس ایپلیکیشنز نے سیٹلائٹ ٹیکنالوجی کے زراعت، شہری منصوبہ بندی اور قدرتی آفات کے انتظام جیسے شعبوں پر اثرات پر گفتگو کی۔ انہوں نے ایرو سپیس انوویشن کلسٹرز اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPPs) کے قیام کی ضرورت پر زور دیا تاکہ تحقیق اور تجارتی کاری کو فروغ دیا جا سکے۔ ائر وائس مارشل ڈاکٹر لیاقت اللہ اقبال، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز اینڈ پبلیکیشنز، نیشنل ایرو سپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک (NASTP) نے NASTP کے منصوبوں کا خاکہ پیش کیا، جس میں آئی ٹی، کمپیوٹنگ اور ایرو سپیس صنعتوں کے مابین تعاون کو اجاگر کیا۔ انہوں نے نوجوانوں کی ترقی، بیرون ملک پاکستانیوں سے رابطے اور بین الاقوامی تعاون کی اہمیت پر زور دیا تاکہ پاکستان کی ایرو سپیس صلاحیتوں کو فروغ دیا جا سکے۔ ائر مارشل جاوید احمد (ریٹائرڈ)، صدر CASS نے اپنے اختتامی کلمات میں جدید جنگ میں ٹیکنالوجی کے تیزی سے ارتقاء پر روشنی ڈالی، اور پاکستان کی ایرو سپیس میں صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے مقامی سطح پر ترقی اور جدت کی اہمیت پر زور ...

کی منظوری دی گئی۔ کابینہ نے سیدہ سارا دختر سید میاں ابوبکر کاخیل کے علاج معالجے کے لئے مالی امداد کی درخواست کی منظوری دی۔ مسلم فیملی لاز آرڈیننس 1961ء کے تحت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کو چیئرمین مصالحتی کونسل کے طور پر کام کرنے کے نوٹیفکیشن میں ترمیم کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سرکاری کالجز میں کالج ٹیچنگ انٹرنز (CTIs) کی شفاف بھرتی کے لئے سنٹرل پورٹل قائم کیا جائے گا۔ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس ایکٹ 2015ء میں ترمیم کی منظوری دی گئی۔ اضلاع میں سی ای او ہیلتھ اور ایجوکیشن کو چھٹی اور پنشن کے اختیارات سونپنے کی بھی منظوری دی گئی۔ کابینہ نے گورنمنٹ اینالسٹ اینڈ پروانشل ڈرگ انسپکٹر کی تعیناتی، الیکشن کمیشن سالانہ رپورٹ 2023 اور قائمقام محتسب پنجاب کی تعیناتی کی منظوری دی گئی۔ صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس، سیکرٹریز اور دیگر حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 11

انداز میں بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں ہدیہ عقیدت پیش کیا۔۔۔۔ محفل میں خصوصی شرکت پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ مولانا سید مراتب حسین شاہ چکوال نے کی اور حاضرین محفل سے مختصر خطاب فرمایا محفل پاک سے حضرت علامہ مولانا پیر شاہ حسین مخدوم ثانی سرکار خطیب اعظم گوجرانوالہ نے خصوصی خطاب فرمایا اور میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر بہت ہی خوبصورت انداز میں قران مجید فرقان حمید کی روشنی میں مدلل گفتگو فرمائی اور فرمایا کہ میلاد منانا شرک نہیں بلکہ ہم میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم منا کر شرک کو رد ...

کئے۔ دستاویز کے مطابق ایس ایس جی سے نے گھریلو صارفین سے 38 ارب روپے وصول کرنے ہیں، ٹیرف ڈیفرنشل کی مد میں ایس ایس جی سی نے 439 ارب روپے وصول کرنے ہیں۔

بقیہ 19

پیسی اور دیگر متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ چیئرمین فیڈمک میاں انس اور سی ای او تنویر جبار وڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پیسی کے طریقہ کار کے مطابق سندر انڈسٹریل اسٹیٹ اور ایم تھری انڈسٹریل سٹی میں سوشل سیکورٹی کے ہسپتال بنائے جائیں گے اور یہ ہسپتال 50-50 بستروں پر مشتمل ہوں گے ایم تھری انڈسٹریل سٹی فیصل آباد میں بننے والا ہسپتال ابتدائی طور پر 25 بستروں کا ہوگا۔ دونوں ہسپتال بننے سے صنعتی ورکرز کو علاج کی بہترین سہولیات مفت ملیں گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ انڈسٹری کا پہیہ رواں دواں رکھنے میں ورکرز کا کلیدی کردار ہے اس لئے ان کی فلاح کیلئے ہر ضروری اقدام کریں گے۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ پیسی، پیڈمک اور فیڈمک کے حکام ان ہسپتالوں کے قیام کے منصوبے پر عملدرآمد کیلئے مل بیٹھ کر تمام امور جلد طے کریں۔ صنعتی ورکرز کے اس فلاحی منصوبے کی تیزی سے تکمیل چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم تھری انڈسٹریل سٹی فیصل آباد میں 10 بستروں کے ہسپتال کو پیسی کے حوالے کرنے کے لئے ایم او یو کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے ایم او یو کے پیپرز جلد تیار کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 20

میں مزید اضافہ ہوگا۔

جانب سے درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ پرویز الٰہی پر درج مقدمات کی عدالتوں سے ضمانتیں منظور ہو چکی ہیں، وہ 20 ستمبر سے 5 اکتوبر تک عمرہ کرنے اور برطانیہ جانا چاہتے ہیں۔ عدالت نے سرکاری وکیل کی رپورٹ کی روشنی میں درخواستیں نمٹا دی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ عدالتی احکامات کے باوجود نام پاسپورٹ اور ای ایک لسٹ سے نہیں نکالا جا رہا۔ عدالت افسران کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کا حکم دے۔

بقیہ 25

مطالبہ کیا ہے۔ طبی ماہرین نے زور دیا ہے کہ اینٹی بائیوٹک ادویات صرف باقاعدہ نسخے پر دستیاب ہونی چاہئیں۔ کراچی میں منعقدہ ایک تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے ماہرین نے اے ایم آر کو ایک خاموش عالمی وبا قرار دیا جو پاکستان میں صحت کی دیکھ بھال کے لیے سب سے اہم خطرات میں سے ایک، اور سالانہ لاکھوں اموات کا سبب ہے۔ مقررین میں ڈریپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عاصم رف، وزیر اعظم کے سابق معاون خصوصی برائے قومی صحت اور شوکت خانم میموریل ہسپتال کے سی ای او اور متعدی امراض کے ماہر ڈاکٹر فیصل سلطان، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ اسلام آباد کے سی ای او ڈاکٹر محمد سلمان، ڈریپ کے کوالٹی اشورنس کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عبید اللہ، گیٹز فارما کے ذیشان احمد اور دیگر ماہرین شامل تھے۔ ماہرین نے بتایا کہ اینٹی مائیکروبیل ریزسٹینس اس وقت ہوتا ہے جب بیکٹیریا، وائرس، فنگس کو مارنے کے لیے تیار کی گئی ادویات کے خلاف مزاحمت کرنے کے لیے تیار ہوتے ہیں، جس سے انفیکشن کا علاج مشکل ہو جاتا ...

عدالت میں پیش ہوں، ضروری خدمات اور سارا فوجداری نظام ٹھپ پڑا ہے، ڈی جی پراسیکیوشن عدالت میں پیش ہوں پھر بات کریں گے۔ چیف جسٹس کے حکم پر ڈی جی پراسیکیوشن پشاور ہائی کورٹ کی عدالت میں پیش ہوئے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ فوجداری نظام ٹھپ پڑا ہے، ہڑتال کیوں ہے؟ سرکاری وکلاء کیسے ہڑتال کر سکتے ہیں؟ ڈی جی پراسیکیوشن نے عدالت کو بتایا کہ مذاکرات کامیاب ہوئے، پراسیکیوٹرز کی ہڑتال ختم ہو گئی، پراسیکیوٹرز کے مطالبات متعلقہ حکام تک پہنچا دیے گئے ہیں۔ بعد ازاں پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے حکم دیا کہ سرکاری وکلاء کی ہڑتال نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 32

آر ڈی اے کے مطابق آپریشن کے دوران سکواڈ نے ایس ایل ایس سکول، دو زیر تعمیر رہائشی عمارات اور تین غیر قانونی طور پر تعمیر شدہ دکانوں کو سر بمہر کر دیا ہے۔ یہ کارروائیاں انفورسمنٹ سکواڈ کی جانب سے کی گئیں جس میں بلڈنگ انسپکٹرز اور آر ڈی اے کے دیگر اہلکار، سول لائنز پولیس اسٹیشن اور صدر بیرونی پولیس اسٹیشن راولپنڈی کے تعاون سے آپریشن کیے گئے۔ ان جائیدادوں کے مالکان نے منظور شدہ منصوبوں و نقشوں اور پنجاب ڈویلپمنٹ آف سٹیز ایکٹ 1976 اور آر ڈی اے بلڈنگ اینڈ زوننگ ریگولیشنز 2021 کی خلاف ورزی کی اور بغیر منظوری اور این او سی کے غیر قانونی کمرشل عمارات تعمیر کیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی آر ڈی اے نے ایل یو اینڈ بی سی ونگ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تجاوزات، غیر قانونی و غیر مجاز تعمیرات اور کمرشل سرگرمیوں کے خلاف بلا خوف و خطر کے سخت ...

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 25 ستمبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 25 ستمبر 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، علی پور، اتھال، شاہ پور، ٹریٹ، ٹی اینڈ ٹی، بھارہ کہو I&II فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، پی اے ای سی ایچ ایس، اولڈ رواٹ، سی ڈبلیو او، سپارکو، ڈی ایچ اے ہومز، بسالی، پنڈ جاتلہ، اولڈ کلر، مورگاہ، نیو کلیام، اولڈ کلیام، جھٹہ ہتھیال، گنگی، جرار کیمپ، خصالہ، قریشی آباد، گرجا، حیال، گلستان فاطمہ، رنیال، مورت، ایم ای ایس، پی اے ایف، پنڈی بورڈ، پارک ویو، فوجی فونڈیشن، محبوب شہید، موہڑہ نگیال، ولایت کمپلکس، ایکس لائر، اے او ڈبلیو ایچ ایس، زراج I&II، زیتا I، آئی ایس ٹی، ڈھوک اعوان، موہڑہ نگیال فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، آفیسر کالونی، لکھو روڈ، فاروق اعظم روڈ، کسٹمز کالونی، کٹاریاں، ہولی فیملی، ایف بلاک، بنی فیڈرز، اٹک سرکل، پنڈ پران، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال، شکر درہ، مسعود شہید، جہلم سرکل، اکرم شہید، زبیر شہید، اجمل شہید، F-7 کچہری، عباس پورہ، پکھوال، F-9 چک دولت، جاکھڑ انڈسٹریل، بورین F-2 چپ بورڈ F-10 کالا بیس فیڈرز، چکوال سرکل، سی ایس شاہ، ڈنڈوت، ڈھوڈا فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

فرینڈلی ٹرانسپورٹ منصوبہ سموگ کے تدارک میں معاون ثابت ہوگا۔

کہ اس وقت جب افتخار چوہدری پی سی او جج تھے کوئی انقلابی نہیں، شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے یہ طے کیا تھا کہ آئینی عدالت بنے گی اور عدالتی اصلاحات ہوں گی اور عوام کو فوری انصاف ملے گا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم نے اپنے ماضی سے سبق سیکھے ہیں، ہم اپنی وکلا برادری کی بہت عزت کرتے ہیں، قانون سازی اور آئین سازی عدالت کے ذریعے نہیں ...

بقیہ 44

کی ترقی کے لیے لوگوں کو بروقت انصاف ملنا بہت ضروری ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ وکلا برادری نے ہمیشہ ملک میں سیاسی اور آئینی استحکام کو یقینی ...

جماعت اسلامی کا 29 ستمبر کو دھرنوں کا اعلان

حکومت نے راولپنڈی معاہدہ پر عمل درآمد نہیں کیا، جماعت اسلامی بجلی کے بلوں کے بائیکاٹ پر ریفرنڈم کرائے گی

پہیہ جام کا اعلان کرسکتے ہیں، ملک بھر سے لانگ مارچز کا آغاز ہوگا، بڑے قافلہ کی صورت میں اسلام آباد جائیں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے 29 ستمبر کو پورے ملک کی شاہراؤں پر دھرنوں کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے راولپنڈی معاہدہ پر عمل درآمد نہیں کیا، جماعت اسلامی بجلی کے بلوں کے بائیکاٹ پر ریفرنڈم کرائے گی۔ معاہدہ کے 45 روز مکمل ہونے پر منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اکتوبر میں پہیہ جام ہڑتال اور اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کے آپشن بھی زیرغور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 23 سے 27 اکتوبر تک عوامی ریفرنڈم ہوگا، اس کے بعد پہیہ جام (بقیہ نمبر 23)

پرویز الٰہی کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نکال دیا گیا

لاہور ہائی کورٹ نے راسخ الٰہی وزارا الٰہی کا نام بھی ای سی ایل سے نکال دیا

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نکال دیا گیا۔ جسٹس شمس محمود مرزا نے پرویز الٰہی سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی تھی۔ اس کیس کے حوالے سے سرکاری وکیل نے رپورٹ لاہور ہائی کورٹ میں پیش کر دی۔ عدالت نے سرکاری وکیل کی رپورٹ کی روشنی میں درخواستیں نمٹا (بقیہ نمبر 24)

اینٹی بائیوٹک ادویات صرف باقاعدہ نسخے پر دستیاب ہونی چاہئیں، طبی ماہرین

کراچی (این این آئی) اینٹی بائیوٹک ادویہ کی بغیر نسخے دستیابی پر تحفظات پیش کرتے ہوئے پاکستان کی ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی، نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ اور متعدی امراض کے سرکردہ ماہرین نے دیگر طبی ماہرین کے ہمراہ پاکستان میں بڑھتے ہوئے اینٹی مائکروبیل ریزسٹنس سے نمٹنے کے لیے اینٹی بائیوٹک کی فروخت کے سخت ضوابط کا (بقیہ نمبر 25)

سفارتکاروں پر حملہ، سوات میں غیر ملکی سیاحوں کا داخلہ بند

سوات اپشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے غیر ملکی سفارتکاروں پر ہونے والے حملے کے بعد سوات میں غیر ملکی سیاحوں کا داخلہ بند کر دیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق انگلینڈ سے تعلق رکھنے والے ایک جوڑے کو لنڈا کے چیک پوسٹ پر روکا گیا، دونوں میاں بیوی سوات میں سیر و تفریح کیلئے آ رہے تھے۔ خیال رہے کہ دو روز پہلے سوات میں غیر ملکی سفارت کاروں کے قافلے کو سڑک کنارے دھماکہ خیز مواد نصب کر کے نشانہ بنانے کی (بقیہ نمبر 26)

مخصوص نشستوں کا معاملہ، الیکشن کمیشن کا چھٹا اجلاس بھی بے نتیجہ ختم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کو مخصوص نشستیں دینے کے معاملے پر الیکشن کمیشن کا چھٹا اجلاس بھی بے نتیجہ ختم ہوگیا۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق چیف الیکشن کمشنر نے اجلاس کی صدارت کی لیکن حتمی فیصلہ نہ ہوسکا اور معاملہ زیرغور ہے۔ مخصوص نشستوں کے معاملے پر الیکشن کمیشن تاحال کسی حتمی نتیجے پر نہیں پہنچا ہے (بقیہ نمبر 28)

چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان سندس فاؤنڈیشن کا دورہ کر رہے ہیں

گاڑی پر جعلی نمبر پلیٹ آئی کے 804 لگانے والا ٹک ٹاکر گرفتار

ندیم مبارک عرف ندیم نانی والا کو ڈیفنس کے علاقے سے گرفتار کیا گیا، پولیس

لاہور (این این آئی) پولیس نے جعلی نمبر پلیٹ لگانے والے ٹک ٹاکر ندیم نانی والا کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایچ او ڈیفنس لاہور کے مطابق ٹک ٹاکر ندیم مبارک عرف ندیم نانی والا نے اپنی گاڑی پر آئی کے 804 کی جعلی نمبر پلیٹ لگا رکھی تھی۔ ڈیفنس کے مین بلیوارڈ کے قریب ناکے پر چیکنگ کی گئی تو نمبر پلیٹ جعلی نکلی۔ ملزم کو موقع پر گرفتار کرلیا گیا۔ ڈیفنس (بقیہ نمبر 27)

پنجاب بھر میں 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 69 کیسز رپورٹ

راولپنڈی سے 55، لاہور سے 5، جہلم اور رحیم یار خان سے دو دو ڈینگی کے کیسز رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب بھر میں 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 69 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں راولپنڈی سے 55، لاہور سے 5، جہلم اور رحیم یار خان سے دو دو ڈینگی کے کیسز رپورٹ ہوئے۔ فیصل آباد، لودھراں، ننکانہ اور بہاولنگر سے ایک ایک ڈینگی کا کیس رپورٹ ہوا ہے۔ رواں سال اب تک (بقیہ نمبر 29)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کیساتھ صدر پی ایل ایف راحیل کامران کی قیادت میں ڈسٹرکٹ فیصل آباد بار ایسوسی ایشن کے وفد کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

الیکشن ٹربیونلز کی تشکیل کے فیصلے کیخلاف اپیل پر فیصلہ محفوظ، پی ٹی آئی کا چیف جسٹس پر اعتراض

ہمیں آپ کے کیس سننے پر اعتراض ہے، وکیل حامد خان...... آپ نے خود کو علیحدہ کرنا ہے تو کرلیں، ہمیں کوئی مسئلہ نہیں، چیف جسٹس

پارلیمنٹ کی مدت 5 سال ہے جو بڑھ نہیں سکتی، اسٹے آرڈر والے کیسز بھی سپریم کورٹ میں آتے ہیں، جو معاملات عدالت کے نہیں، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے الیکشن ٹربیونلز کی تشکیل کے لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف الیکشن کمیشن کی اپیل پر فیصلہ محفوظ کرلیا جبکہ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ آئین بنانے والوں نے الیکشن کمیشن کو ادارہ بنایا اور وہ چاہیں تو ختم بھی کرسکتے ہیں، فی الحال الیکشن کمیشن ایک آئینی ادارہ ہے، اگر ہائیکورٹ اگر الیکٹورل کام شروع کردے تو کیا ہوگا؟ (بقیہ نمبر 30)

آرڈی اے نے سول لائن سکیم اور دھمیال کلیال روڈ پر ایس ایس سکول، 2 زیر تعمیر رہائشی عمارتیں اور 3 غیر قانونی طور پر تعمیر شدہ دکانیں سربمہر کردیں

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضیٰ کی ہدایات پر آر ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ نے سول لائنز ہاؤسنگ سکیم اور دھمیال کلیال روڈ پر غیر مجاز و غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کیا۔ ترجمان (بقیہ نمبر 32)

سرکاری وکلاء کی ہڑتال نہیں ہونی چاہیے، پشاور ہائیکورٹ کی تنبیہ

ڈی جی پراسیکیوشن کو بلائیں، عدالت میں پیش ہوں، ضروری خدمات اور سارا فوجداری نظام ٹھپ پڑا ہے، عدالت

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے سرکاری وکلاء کی ہڑتال پر اظہار برہمی کرتے ہوئے آئندہ ہڑتال نہ کرنے کی تنبیہ کر دی۔ پشاور ہائی کورٹ میں کوہاٹ میں شہری کے خلاف درج ایف آئی آر سے متعلق کیس کی سماعت چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس وقار احمد نے کی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا پراسیکیوشن کا احتجاج اب بھی جاری ہے؟ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت کو بتایا کہ جی پبلک پراسیکیوٹرز کا احتجاج (بقیہ نمبر 31)

'آئینی عدالت کا قیام عدالتی نظام کی مضبوطی کا باعث بنے گا'

پاکستان یوتھ لائرز فورم فار جوڈیشل ریفارم کی صدر فاطمہ نذر ایڈووکیٹ کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان یوتھ لائرز فورم فار جوڈیشل ریفارم کی صدر فاطمہ نذر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم عدالتی نظام میں بہتری کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ دیگر خواتین وکلاء کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قانون سازی پارلیمنٹ کا حق ہے جس کا احترام کرتے ہیں، آئینی عدالتوں کے قیام کا مجوزہ فیصلہ عدالتی نظام کی مضبوطی کا باعث بنے گا جس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ فاطمہ نذر نے کہا (بقیہ نمبر 33)

بھکاریوں کو روکا نہ گیا تو پاکستانی حج و عمرہ زائرین متاثر ہوں گے، سعودی انتباہ

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت حج نے پاکستان کے وزارت مذہبی امور کو پاکستانی بھکاریوں کو روکنے کے لیے خط لکھا ہے۔ ذرائع مذہبی امور کے مطابق سعودی وزارت حج نے پاکستان کی وزارت مذہبی امور کو ... (بقیہ نمبر 35)

پاکستان ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے لیے پرعزم ہے

ملک کی معیشت استحکام سے نمو کی طرف جا رہی ہے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ... (بقیہ نمبر 34)

ڈپٹی کمشنر لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کوئٹہ شہر کے ٹریفک کی بہتری کے حوالے سے ایس پی ٹریفک سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور میں لیڈی کانسٹیبل قتل، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا نوٹس

سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب، فائرنگ میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور کے علاقے ہربنس پورہ میں لیڈی کانسٹیبل کے قتل کے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے واقعہ کی رپورٹ طلب کر لی ہے، آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو فائرنگ میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ واقعہ کی ہر پہلو سے تفتیش کر کے ملزمان (بقیہ نمبر 36)

پنجاب میں سرکاری اسکولز کی نجکاری کیخلاف احتجاج پر اساتذہ معطل

پنجاب ٹیچرز یونین، پنجاب ایجوکیٹرز ایسوسی ایشن کے صدور، جنرل سیکرٹریز کو شوکاز نوٹس

راولپنڈی (این این آئی) سرکاری اسکولز کی نجکاری خلاف احتجاج کرنا اساتذہ کو مہنگا پڑ گیا۔ محکمہ تعلیم نے ایکشن لیتے ہوئے پنجاب ٹیچرز یونین، ایجوکیٹرز ایسوسی ایشن کے صدور اور سیکرٹریز معطل کردیا اور پنجاب ٹیچرز یونین، پنجاب ایجوکیٹرز ایسوسی ایشن کے صدور، جنرل سیکرٹریز کو شوکاز نوٹسز بھی جاری کردیے۔ قاضی عمران، ملک امجد، اخیان گل، راجہ تیمور اختر سمیت دیگر کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز ہوگیا۔ اساتذہ نے (بقیہ نمبر 37)

امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم اور قونصل جنرل کے ہمراہ ZYP ٹیکنالوجی کا دورہ کر رہے ہیں

صوبوں کے درمیان فرق ختم کرنے کیلئے آئینی عدالت کا قیام ناگزیر ہے، بلاول

وفاقی عدالت میں تمام صوبوں کے نمائندے ہوں گے اور باری باری ہر صوبے سے چیف جسٹس مقرر کیا جائے گا

ہم نے وہ آمرانہ دور دیکھے جس میں ججز نے ہی آمر کو اجازت دی کہ وہ آئین میں ترمیم کرلے

ججز دس دس سال تک آئین کو بھول جاتے تھے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہم آئینی عدالت بنا کر رہیں گے۔ وفاقی عدالت میں تمام صوبوں کے نمائندے ہوں گے اور باری باری ہر صوبے سے چیف جسٹس مقرر کیا جائے گا، سیاسی کیسز کو 90 فیصد وقت دیا جاتا ہے کہ عوامی کیسز کی باری نہیں آتی اس لیے آئینی عدالت بنائیں گے جو صرف آئینی معاملات دیکھے گی۔ ہم نے وہ آمرانہ دور دیکھے جس میں جج صاحبان نے ہی آمر کو اجازت دی کہ وہ آئین میں ترمیم کرلے، ججز دس دس سال تک آئین کو بھول جاتے تھے اور سارا اختیار آمر کو دے (بقیہ نمبر 38)

کھاریاں میں مخالفین کی فائرنگ سے 02 افراد کی ہلاکت کا واقعہ

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا نوٹس، آر پی او گوجرانوالہ سے واقعہ کی رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے گجرات کے علاقے کھاریاں میں مخالفین کی فائرنگ سے 02 افراد کی ہلاکت کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی او گوجرانوالہ سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈی پی او گجرات کو ملزمان کی گرفتاری کیلئے خصوصی ٹیم تشکیل دینے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں پیش کیا جائے۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی (بقیہ نمبر 39)

وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سندر انڈسٹریل اسٹیٹ لاہور اور ایم تھری انڈسٹریل سٹی فیصل آباد میں سوشل سکیورٹی ہسپتالوں کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پرویز الٰہی و دیگر کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نکال دیا گیا

ہائیکورٹ نے سرکاری وکیل کی رپورٹ کی روشنی میں درخواستیں نمٹا دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے حکم پر تحریک انصاف کے رہنما و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی اور دیگر کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نکال دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شمس محمود مرزا نے پرویز الٰہی سمیت دیگر کی توہین عدالت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ عدالتی احکامات کے باوجود نام پاسپورٹ اور ای سی ایل لسٹ سے نہیں نکالا جارہا۔ عدالت افسران کے خلاف (بقیہ نمبر 40)

سیکرٹری اطلاعات پنجاب شہنشاہ محمد فیصل بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کے دورے کے موقع پر نئے کاروبار شروع کرنے کے لئے سرمایہ کاروں کو مہیا کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیراعظم اقوام متحدہ کے اجلاس میں شرکت کیلئے نیویارک پہنچ گئے

خواجہ آصف، عطاء اللہ تارڑ، خالد مقبول صدیقی اور معاون خصوصی طارق فاطمی وفد میں شامل

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف 5 روز کے سرکاری دورے پر نیویارک پہنچ گئے۔ وزیراعظم شہباز شریف وفد کے ہمراہ نیویارک پہنچے ہیں جس میں وزیر دفاع خواجہ آصف، وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، خالد مقبول صدیقی اور معاون خصوصی طارق فاطمی شامل ہیں۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے رکن ممالک کے سربراہان کیلئے استقبالیہ رکھا ہے جس میں وزیراعظم شرکت کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی مختلف ممالک کے سربراہاں کے ساتھ غیر رسمی ملاقات ہوگی جب کہ وزیراعظم (بقیہ نمبر 41)

گنڈاپور کے خلاف مقدمہ، دہشت گردی، اقدام قتل کی دفعات شامل

وزیراعلیٰ کے پی کے نے AK-47 رائفل سے سیالکوٹ انٹرچینج پر گاڑیوں پر حملہ کیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور سمیت تین سو افراد کے خلاف لاہور میں توڑ پھوڑ کرنے پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ مقدمے ... امین گنڈاپور نے AK-47 رائفل سے سیالکوٹ انٹرچینج پر گاڑیوں پر حملہ کیا۔ وزیراعلیٰ کے پی تین سو افراد کے ہمراہ ون وے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آئے اور گاڑیوں پر حملہ کیا ... شہریوں کی گاڑیاں (بقیہ نمبر 42)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سٹیٹ آف دی آرٹ الیکٹرک بس ڈپو بنانے کا فیصلہ

الیکٹرک بسوں کے لئے گرین ڈپو بنایا جائے گا، گرین انرجی کو ترجیح دیتے ہوئے مکمل طور پر سولرائزیشن کی جائیگی

لاہور میں جلد 27 الیکٹرک بسیں چلانے جارہے ہیں، ایکو فرینڈلی ٹرانسپورٹ منصوبہ سموگ کے تدارک میں معاون ثابت ہوگا، سیکرٹری ٹرانسپورٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پہلا اور سب سے بڑا اسٹیٹ آف دی آرٹ الیکٹرک بس ڈپو بنانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ الیکٹرک بسوں کے لئے گرین ڈپو بنایا جائے گا، بس ڈپو میں گرین انرجی کو ترجیح دیتے ہوئے مکمل طور پر سولرائزیشن کی جائیگی، بس ڈپو میں سولرائزیشن سے ایک میگاواٹ تک بجلی پیدا ہوگی۔ گرین ڈپو میں الیکٹرک بسوں کے لئے جدید ترین چارجنگ انفراسٹرکچر مہیا کیا (بقیہ نمبر 43)

نواز شریف اور مریم نواز کا آئندہ چندروز میں لندن جانے کا امکان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم نواز شریف کا آئندہ چندروز میں لندن جانے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ صدر مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف لندن میں دو ہفتے قیام کریں گے جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا بھی نواز شریف کے ساتھ جانے کا امکان ہے۔

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں

پیپلز پارٹی کبھی کسی غیر قانونی ترمیم کا حصہ نہیں بنی نہ کبھی بنے گی، سردار سلیم حیدر

معاشرے کی ترقی کے لیے لوگوں کو بروقت انصاف ملنا بہت ضروری ہے، گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں صدر (پی ایل ایف پنجاب) راحیل کامران چیمہ کی قیادت میں ڈسٹرکٹ فیصل آباد بار ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ وکلا انصاف کی فراہمی میں کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے (بقیہ نمبر 44)

سرگودھا، ہوٹل کی چھت پر سوئے ہوئے دو ملازم نوجوانوں کو فائرنگ کر کے چارپائیوں پر قتل کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) ہوٹل کی چھت پر سوئے ہوئے دو ملازم نوجوانوں کو فائرنگ کر کے چارپائیوں پر قتل کر دیا گیا۔ جن کی گولیوں سے چھلنی نعشوں کو ریسکیو کر کے پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے ڈی پی او نے دوہرے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کرلی اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ بھکر کے قصبہ جنڈانوالہ میں ہوٹل کی چھت پر سوئے ہوئے (بقیہ نمبر 45)

تحریک انصاف نے 28 ستمبر کو راولپنڈی میں جلسے کیلئے درخواست دیدی

پی ٹی آئی لیاقت باغ یا بھابڑہ چوک میں جلسہ کرنا چاہتی ہے، ڈپٹی کمشنر آفس نے درخواست وصول کرلی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 28 ستمبر کو راولپنڈی میں جلسے کے لیے درخواست دے دی۔ پی ٹی آئی نے ڈپٹی کمشنر کو جلسے کی اجازت کے لیے درخواست دی ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ 28 ستمبر کو پی ٹی آئی لیاقت باغ یا بھابڑہ چوک میں جلسہ کرنا چاہتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر آفس نے جلسے کی اجازت کے لیے پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 46)

سنی اتحاد کونسل نہیں، پی ٹی آئی مخصوص نشستوں کیلئے اہل ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

تحریک انصاف سیاسی جماعت ہے، الیکشن کمیشن فریقین کو سن کر 7 روز میں فیصلہ کرے، 26 صفحات کا اختلافی نوٹ جاری

سنی اتحاد کونسل مخصوص نشستیں لینے کی اہل نہیں، تحریک انصاف سیاسی جماعت ہے، مخصوص نشستوں کیلئے اہل ہے

لاہور، نابینا افراد اپنے مطالبات کے حق میں پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) مخصوص نشستوں کے کیس میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے جج جسٹس یحییٰ آفریدی کا اختلافی نوٹ جاری کردیا گیا، انہوں نے 26 صفحات پر مشتمل اختلافی نوٹ تحریر کیا ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی کے اختلافی نوٹ میں کہا گیا ہے کہ سنی اتحاد کونسل مخصوص نشستوں کے حصول کے لیے آئینی تقاضوں پر پورا نہیں اترتی، سنی اتحاد کونسل کی درخواستیں مسترد کی جاتی ہیں۔ اختلافی نوٹ میں کہا گیا ہے کہ سنی اتحاد کونسل مخصوص نشستیں لینے کی اہل نہیں، تحریک انصاف سیاسی جماعت ہے، مخصوص نشستوں کے لیے (بقیہ نمبر 47)

ایران کے سفیر کی چیئرمین ایف بی آر سے ملاقات

دوطرفہ تجارت میں آسانیاں اور فروغ کیلئے کسٹمز، سرحد پار تجارت اور مینجمنٹ سے متعلق امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے منگل کے روز چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال سے ایف بی آر ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران فریقین نے دونوں ممالک کے درمیان (بقیہ نمبر 48)

گھوٹکی، پل کے ٹوٹے حصے سے 3 افراد نہر میں گر گئے

گھوٹکی (این این آئی) گھوٹکی میں نارو واہ کینال پر پل کے ٹوٹے حصے سے ایک ہی دن میں 3 افراد نہر میں گر گئے۔ پولیس کے مطابق اوباڑو میں نارو واہ کینال میں صبح کے وقت 7 سالہ بچہ پل کراس کرتے ہوئے گر کر ڈوب گیا، بچے کی تلاش کے لیے ریسکیو میں تاخیر پر ورثا نے پریس کلب کے باہر احتجاج کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر اوباڑو کے مطابق محکمہ آبپاشی کو فوری طور پر نہری پانی کا بہاؤ کم کرنے کے احکامات دیئے ہیں، جبکہ نیوی کے ماہر غوطہ خوروں کی ٹیم سکھر سے روانہ ہوگئی ہے۔ اس کے بعد میں 2 موٹرسائیکل سوار بھی پل کے اسی حصے سے نہر میں گر گئے، تاہم دونوں افراد کو علاقہ مکینوں نے ڈوبنے سے بچالیا۔

بانی پی ٹی آئی کی ممکنہ ملٹری ٹرائل روکنے کی درخواست نمٹا دی گئی

بانی پی ٹی آئی کے ملٹری ٹرائل کا فی الحال کوئی فیصلہ نہیں ہوا، ایڈیشنل اٹارنی جنرل کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی ممکنہ ملٹری حراست اور ٹرائل روکنے کی درخواست نمٹا دی۔ بانی پی ٹی آئی کی ممکنہ ملٹری حراست اور ٹرائل روکنے کی درخواست پر جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل کے بیان پر درخواست نمٹا دی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل نے عدالت کو بتایا کہ (بقیہ نمبر 49)

جسٹس شاہد خان نے انصاف پر مبنی فیصلے کیے، چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ

پشاور (این این آئی) چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ جسٹس شاہد خان نے انصاف پر مبنی فیصلے کیے۔ پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد خان کی ریٹائرمنٹ پر چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ اور دیگر ججز نے فل کورٹ ریفرنس میں شرکت کی۔ تقریب میں ڈپٹی اٹارنی جنرل ثناء اللہ، ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 50)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سردار علی امین گنڈاپور صوبے میں سیاحت کے فروغ میں کردار ادا کرنے والے افراد کو ٹورازم ایکسی لینسی ایوارڈ دے رہے ہیں

غزہ المیہ جیسے تنازعات حل ہونے تک دنیا میں استحکام نہیں آسکتا، خواجہ آصف

سکیورٹی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے اجتماعی کاوشیں کرنا ہوں گی، سکیورٹی کے مسائل نئی نسل اور امن کیلئے خطرہ ہیں

100 سے زائد ترقی پذیر ممالک کو مواقع مہیا کرنے کیلئے عالمی نظام اصلاحات کی ضرورت ہے، اقوام متحدہ کے اجلاس سے خطاب

نیویارک (اے ایف بی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا کہ غزہ المیہ جیسے تنازعات حل ہونے تک دنیا میں استحکام نہیں آسکتا، سکیورٹی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے اجتماعی کاوشیں کرنا ہوں گی وسکیورٹی کے مسائل نئی نسل اور امن کیلئے خطرہ ہیں، 100 سے زائد ترقی پذیر ممالک کو مواقع مہیا کرنے کیلئے عالمی نظام اصلاحات کی ضرورت ہے، عالمی برادری کے طور پر دنیا کیلئے بہتر راستہ طے کرنے میں ہمارا کردار ہے۔ اقوام متحدہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا کہنا (بقیہ نمبر 52)

پی آئی اے کی دبئی کی پرواز میں ایمرجنسی، جہاز اچانک 26 ہزار فٹ نیچے آگیا

10 ہزار فٹ پر آنے پر پائلٹ نے اے ٹی سی مسقط اور ریڈار سے مدد مانگ لی تھی، ترجمان

دبئی (این این آئی) پی آئی اے کی دبئی کی پرواز میں ایمرجنسی پیش آگئی جس سے طیارہ اچانک 26 ہزار فٹ نیچے آگیا۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پرواز کو ہنگامی صورت حال مسقط کے قریب پیش آئی، پرواز پی کے 213 رات 2 بج کر 5 منٹ پر کراچی سے دبئی روانہ ہوئی تھی۔ ایک گھنٹے بعد طیارہ مسقط پہنچا تو ہائیڈرالک سسٹم میں خرابی پیدا ہوئی اور طیارہ 6 منٹ میں 26 ہزار فٹ نیچے آگیا جس پر پائلٹ نے ایمرجنسی ڈیکلیئر کی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ 10 ہزار فٹ پر آنے پر پائلٹ نے اے ٹی سی مسقط اور ریڈار سے مدد مانگ لی تھی۔ ترجمان کے مطابق ہائیڈرالک سسٹم میں خرابی سے ہنگامی صورت حال پیدا ہوئی (بقیہ نمبر 51)